پریس ریلیز

جنرل ہسپتال : مزید 16 وینٹی لیٹرز مہیا ، کورونا مریضوں کو ریلیف ملے گا

وائرس میں مبتلا افراد کیلئے 20بستروں پر مشتمل ایچ ڈی یو اور 5بستروں کا آئیسولیشن وارڈ بھی فنکشنل

وزیراعلیٰ اوروزیرصحت کے بروقت اقدام،کورونا کے مریضوں کیلئے ہمدردی اورانسانیت کی خدمت کے جذبے کی عکاس ہیں

محکمہ صحت کی پالیسی،تمام مریضوں کوتشخیص وطبی سہولیات مفت فراہم کی جارہی ہیں:پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر

لاہور 31مارچ:......پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے بتایا ہے کہ کورونا کے مریضوں کی سہولت کے لئے حکومت پنجاب نے لاہور جنرل ہسپتال کومزید 16وینٹی لیٹرز مہیا کر دیے ہیں جوخصوصی طور پر کورونا کی تیسری لہر سے متاثرہ افراد کوریلیف مہیا کریں گے تا کہ زیادہ متاثرہ اور زندگی اورموت کی کشمکش میں مبتلا مریضوں کی جانوں کو بچایا جا سکے جبکہ وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار اور صوبائی وزیرصحت ڈاکٹر یاسمین راشد کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں جنرل ہسپتال پلمونالوجی وارڈ میں 20بستروں پر مشتمل ایچ ڈی یو اور میڈیکل یونٹ 2میں 5بستروں پر مشتمل آئیسولیشن وارڈ کا بھی اضافہ کردیا گیا ہے جہاں ڈاکٹرز،نرسز اور پیرامیڈیکس راؤنڈ دی کلاک اپنے فرائض سرانجام دیں گے اور محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کی پالیسی کے مطابق تمام مریضوں کوتشخیص وطبی سہولیات مفت فراہم ہوں گی۔

پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ حکومت کے اس بروقت اقدام سے کورونا کے مریضوں کے لئے پائی جانے والی ہمدردی اورانسانیت کی خدمت کے جذبے کی عکاس ہیں،حکومت اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لئے ہمہ وقت چوکس ہے جس کے تحت مزید وینٹی لیٹرز مہیا کر دیے گئے ہیں۔اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالرزاق،پروفیسر جودت سلیم،ڈاکٹر عرفان ملک،ڈاکٹر جعفر شاہ،ڈاکٹر عبدالعزیز ودیگر موجود تھے۔

پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے انتظامی ڈاکٹروں کو ہدایت کی کہ وہ اپنے فرائض کی انجام دہی میں پوری طرح چوکس رہیں،صوبائی حکومت کورونا کے مریضوں کے علاج معالجے کو ہمہ وقت مانیٹر کررہی ہے لہذا ہم سب کواپنے فرائض منصبی پوری طرح تندہی کے ساتھ ادا کرنے ہوں گے۔انہوں نے تینوں شفٹوں کے ڈی ایم ایس صاحبان سے کہا کہ وہ کورونا مریضوں کے لئے قائم وارڈز،ایچ ڈی یو،آئیسولیشن،آئی سی یو میں سہولیات پر نگاہ رکھیں تا کہ یہاں آنے والے کسی بھی شخص کو پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔انہوں نے کہا کہ وہ خود بھی کورونا وارڈ کا دورہ کرتے رہیں گے اور اس امر کو یقینی بنایا جائے گا کہ حکومت کی طرف سے اپ گریڈ کردہ طبی سہولیات کا ڈائریکٹ فائدہ کورونا کے مریضوں تک پہنچ سکے۔

☆☆☆